سفارت خانہ پاکستان
فرانس

ضروری اِطلاع برائے پاکستانی کمیونٹی

جیسا کہ آپ واقف ہیں کہ کورونا وائرس وبائی مرض فرانس میں تیزی سے پھیل رہا ہے۔ بڑھتی ہوئی وبائی بیماری کی وجہ سے فرانسیسی حکومت نے تیسرا لاک ڈاؤن نافذ کر دیا ہے۔ فرانسیسی حکومت کی طرف سے جاری کردہ نئ پالیسی کے پیش نظر اور کونسلر سیکشن میں آنے والے خواتین وحضرات کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے سفارتخانہ نے مندرجہ ذیل اقدامات کیے ہیں۔

- ☆ وائرس سے متاثر ہونے سے بچنے کے لیے صرف انتہائی مجبوری کی صورت میں کونسلر سیکشن تشریف لائیں۔
- ☆ سفارتخانہ پاکستان نے کونسلر سروسز کے لیے آن لائن اپائنٹمنٹ سسٹم کا اجرا کیا ہے۔ اپنی سہولت کے لیے آپ اپائنٹمنٹ لے کر سفارت خانہ تشریف لائیں۔ اپائنٹمنٹ کے لیے سفارتخانہ کی ویب سائٹ استعمال کریں۔ http://www.pakembparis.com/
- ☆ ماسک پہننا مت بھولیں اور سینیٹائزر کا استعمال ضرور کریں۔
- ☆ پہلے لاک ڈاؤن کی طرح ان مشکل حالات میں بھی سفارتخانہ کمیونٹی کے ساتھ کھڑا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کے کمیونٹی ملاقات کے لیے آنے والوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ہمارے ساتھ تعاون کرے گی۔

شکریہ!

عرفان محمود بخاری

ہیڈ آف چانسری

EMBASSY OF PAKISTAN IN FRANCE
PARIS